PhD (Urdu)/E.T/May 2019

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

Booklet Serial No.

## پی ایچ ڈی (اُردو) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2019

## PhD (Urdu) Entrance Test - 2019

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔آخر کا ایک صفحہ Rough Work کے لیے ہے۔اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

# (Part A) حصہ اول

## Research Methodology

1. ''تحقیق ایک ایسے طرز مطالعہ کا نام ہے جس میں موجود مواد کے صحیح یا غلط کو بعض مسلمات کی روشنی میں پرکھا جاتا ہے'' تحقیق کی یہ تعریف کس نے کی ہے؟

(A) قاضی عبدالودود
(B) گیان چند جین
(C) رشید حسن خان
(D) ڈاکٹر سید عبداللہ

2. ذیل میں کس کو متن نہیں کہہ سکتے۔

(A) جانوروں کی کھال پر لکھی گئی تحریر
(B) سنگی کتبہ
(C) حافظے میں محفوظ کلام
(D) دھاتی تختیوں پر درج تحریر

3. کتاب ''متنی تنقید'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) ڈاکٹر نذیر احمد
(B) خلیق انجم
(C) خواجہ احمد فاروقی
(D) نورالحسن ہاشمی

4. تحقیق کے متعلق کون سا بیان درست نہیں ہے۔

(A) تحقیق حقیقت کی بازیافت کا عمل ہے
(B) تحقیق کسی امر کو اس کی اصلی شکل میں دیکھنے کا نام ہے
(C) کسی نامعلوم مصنف یا نامعلوم تصنیف کی دریافت کا عمل ہے
(D) کسی فن پارے کی تعین قدر کا نام ہے

5. 'تحقیق کے طریقۂ کار' کا مصنف کون ہے؟

(A) ش۔ اختر
(B) ڈاکٹر تنویر احمد علوی
(C) ڈاکٹر سید محمد ہاشم
(D) سید کلب عابد

6. اردو میں ادبی نثر کا پہلا نمونہ کون سا ہے؟

(A) کربل کتھا
(B) رانی کیتکی کی کہانی
(C) سب رس
(D) باغ و بہار

7. مختارالدین احمد کو کربل کتھا کا قلمی نسخہ کس کتب خانے میں دستیاب ہوا؟

(A) انڈیا آفس لائبریری
(B) ٹیوبن گن یونیورسٹی لائبریری
(C) کیمبرج یونیورسٹی لائبریری
(D) سوبورن یونیورسٹی لائبریری

8. اردو کی پہلی مثنوی 'کدم راؤ پدم راؤ' کے مصنف نظامی کا تعلق کس شہر سے تھا؟

(A) بیدر (B) گلبرگہ

(C) بیجاپور (D) اورنگ آباد

9. جوش ملیح آبادی کی کون سی تصنیف نثر اور شاعری کا مجموعہ ہے؟

(A) الہام وافکار (B) سیف وسبو

(C) رامش ورنگ (D) روح ادب

10. دکنی کی سب سے طویل مثنوی کون سی ہے؟

(A) جنت سنگار (B) خاورنامہ

(C) علی نامہ (D) قطب مشتری

11. چکبست کا مجموعہ کلام کس نام سے شائع ہوا؟

(A) سریلی بانسری (B) صبح وطن

(C) خاک پروانہ (D) گل نغمہ

12. غالب سے قبل اردو میں خطوط نویسی کی طرف کس نے توجہ کی؟

(A) غلام غوث بے خبر (B) غلام امام شہید

(C) فقیر محمد خاں گویا (D) عبدالغفور نساخ

13. شاعری میں مومنؔ کو کس سے تلمّذ حاصل تھا؟

(A) میر تقی میر (B) خواجہ میر درد

(C) شاہ نصیر (D) مرزا جانِ جاناں

14. مدھیہ دیش کی زبان کو گریرسن نے کس نام سے موسوم کیا۔

(A) شورسینی (B) مغربی ہندی

(C) گلدھی (D) پشاچی

15. ان میں کون فورٹ ولیم کالج کے ملازم نہیں تھے۔

(A) مولوی اکرام علی (B) خلیل علی اشک

(C) مرزا جان طپش (D) محمد بخش مہجور

16. اردو میں کس کو پہلا مارکسی نقاد مانا جاتا ہے جنھوں نے ادب کے اقتصادی رشتے پر اس وقت زور دیا جب کہ اردو میں ترقی پسند تحریک کی ابتدا بھی نہیں ہوئی تھی۔

(A) مجنوں گورکھپوری
(B) نیاز فتحپوری
(C) اختر حسین رائے پوری
(D) اختر اورینوی

17. ساختیات کا بنیاد گزار کون ہے؟

(A) ژاک لاکاں
(B) فردی ناں دی سوسیئر
(C) لوئی آلتھیوسے
(D) کلاڈ لیوی اسٹراس

18. کس نقاد نے یہ خیال ظاہر کیا تھا کہ شعر وادب میں علویت (Sublimition) ہونی چاہیے جسے محسوس تو کیا جا سکتا ہے لیکن لفظوں میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔

(A) ارسطو
(B) لون جائی نس
(C) کولرج
(D) میتھیو آرنلڈ

19. ساہتیہ اکاڈمی ایوارڈ برائے سال 2018ء اردو میں کس ناول پر دیا گیا۔

(A) نعمت خانہ
(B) آخری سواریاں
(C) چاند ہم سے باتیں کرتا ہے
(D) روحزن

20. شمالی ہند کی پہلی نثری داستان 'قصہ مہر افروز و دلبر' کا مصنف کون ہے؟

(A) عیسوی خاں بہادر
(B) شاہ عالم ثانی آفتاب
(C) مہر چند کھتری
(D) بینی نرائن جہاں

21. ذیل میں کچھ شاعروں کے نام دیئے گئے ہیں انھیں غور سے پڑھیئے۔

I۔ جرات
II۔ خان آرزو
III۔ مصحفی
IV۔ خواجہ میر درد

ان میں کن شعرا نے دہلی سے لکھنؤ کو ہجرت کی۔

(A) I اور IV
(B) II اور III
(C) III اور IV
(D) I اور III

22. روسی ہئیت پسندی کی تحریک کا آغاز کب ہوا؟

(A) 1915
(B) 1916
(C) 1917
(D) 1918

23. ذیل کے بیانات غور سے پڑھیئے۔

I۔ ملک خوشنود کو قطب شاہی شہزادی خدیجہ سلطان کے جہیز میں غلام کی حیثیت سے بیجاپور بھیجا گیا۔

II۔ بیجاپور کے حکمراں سلطان عادل شاہ نے ملک خوشنود کو بیجاپور کا سفیر بنا کر گولکنڈہ روانہ کیا۔

درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

(A) I غلط ہے لیکن II صحیح ہے
(B) I صحیح ہے لیکن II غلط ہے
(C) I اور II دونوں صحیح ہیں
(D) I اور II دونوں غلط ہیں

24. 'حلقۂ ارباب ذوق' کب قائم ہوا؟

(A) 29 فبروری 1939
(B) 29 مارچ 1939
(C) 29 اپریل 1939
(D) 29 مئی 1939

25. کرشن چندر کا پہلا ناول کون سا ہے؟

(A) جب کھیت جاگے
(B) شکست
(C) ایک عورت ہزار دیوانے
(D) ایک وائلن سمندر کنارے

26. ذیل کے کس اخبار میں رتن ناتھ سرشار کا ناول 'فسانہ آزاد' قسط وار شائع ہوتا تھا؟

(A) اودھ پنچ
(B) اودھ اخبار
(C) دلّی اردو اخبار
(D) پیسہ اخبار

27. کرشن چندر کی تصنیف 'پودے' کا تعلق صنف سے ہے؟

(A) ناولٹ
(B) مکتوب
(C) رپورتاژ
(D) انشائیہ

28. باغ و بہار میں کون سا درویش شہر نیم روز کے شہزادے کا راز معلوم کرتا ہے۔

(A) پہلا
(B) دوسرا
(C) تیسرا
(D) چوتھا

29. ملا وجہی کی تصنیف 'سب رس' کا ماخذی سلسلہ کس سے ملتا ہے؟

(A) پنچ تنتر
(B) کتھا سرت ساگر
(C) شکاسپ تتی
(D) پربودھ چندراودے

30. شبلی نعمانی نے کون سا پیشہ چھوڑ کر ادب کی دنیا میں قدم رکھا۔

(A) وکالت
(B) طبابت
(C) تجارت
(D) تدریس

31. ذیل کی کون سی کتاب 'باغ و بہار' کا نقش اول ہے۔

(A) عجائب القصص
(B) نوآئین ہندی
(C) نوطرز مرصع
(D) کلیہ و دمنہ

32. 'عملی تنقید' اور 'سخن ہائے گفتنی' کے مصنف کون ہیں؟

(A) آل احمد سرور
(B) احتشام حسین
(C) کلیم الدین احمد
(D) محمد حسن عسکری

33. گروپ 1 اور گروپ 2 کے تحت دیئے گئے ناموں کو غور سے پڑھیئے۔

| گروپ 1 | گروپ 2 |
|---|---|
| I. عبدالستار دلوی | الف: زبان اور علم زبان |
| II. شوکت سبز واری | ب: صوتیات اور فونیمیات |
| III. گیان چند جین | ج: داستان زبان اردو |
| IV. اقتدار حسین | د: اردو زبان اور سماجی سیاق |
| | ھ: عام لسانیات |

صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:

| | I | II | III | IV |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ھ | د | ب | الف |
| (B) | د | الف | ج | ب |
| (C) | د | ج | ھ | ب |
| (D) | ب | د | الف | ج |

34. کس عالم نے دلی اور لکھنو کے دبستانوں کی تفریق کو رد کیا۔

(A) ڈاکٹر سید عبداللہ
(B) نورالحسن ہاشمی
(C) علی جواد زیدی
(D) ابواللیث صدیقی

35. فورٹ سینٹ جارج کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 1810
(B) 1811
(C) 1812
(D) 1813

36. کتاب ''اردو ادب میں رومانوی تحریک'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) ڈاکٹر عبدالودود
(B) ڈاکٹر محمد حسن
(C) نیاز فتح پوری
(D) فراق گورکھپوری

37. ذیل کے کس نقاد نے اردو میں داستانوں کی اہمیت کی بازآفرینی کی؟

(A) وارث علوی
(B) شمیم حنفی
(C) احتشام حسین
(D) شمس الرحمٰن فاروقی

38. ذیل کے کس مصنف نے داستان پر کوئی کتاب نہیں لکھی۔

(A) گیان چند جین
(B) سہیل بخاری
(C) وقار عظیم
(D) مولوی عبدالحق

39. اردو ذریعہ تعلیم کی پہلی یونیورسٹی 'جامعہ عثمانیہ' کا قیام کب عمل میں آیا۔

(A) 1917
(B) 1918
(C) 1919
(D) 1920

40. ڈاکٹر حفیظ قتیل کی تحقیق کے مطابق دکنی نثر کے رسالے 'معراج العاشقین' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) حضرت بندہ نواز گیسودراز
(B) سید شاہ میراں جی شمس العشاق
(C) سید مخدوم شاہ حسینی بکانوری
(D) سید میراں یعقوب

41. کسی متن کا ایسا نسخہ جس میں شروع اور آخر کے اوراق نہ ہوں کیا کہلاتا ہے؟

(A) ناقص الاول
(B) ناقص الآخر
(C) ناقص الطرفین
(D) ناقص الاوسط

42. رشید حسن خاں نے ذیل کی کس مثنوی کو مرتب کیا؟

(A) دریائے عشق
(B) خواب وخیال
(C) بحرالمحبت
(D) زہر عشق

43. داغؔ دہلوی کا مدفن کس شہر میں ہے؟

(A) حیدرآباد
(B) دہلی
(C) لکھنؤ
(D) رامپور

44. ابتدا میں شعرا کے تذکرے فارسی میں قلم بند کیے جاتے تھے۔ اردو میں لکھا گیا شعرا کا پہلا تذکرہ کون سا ہے؟

(A) مخزن نکات (B) گلشن بے خار

(C) تذکرہ شعرائے اردو (D) گلشن ہند

45. ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے۔ انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ: حافظ محمود شیرانی کو تحقیق کا معلم اول کہا جاتا ہے۔

دلیل: محمود شیرانی نے فن تحقیق کے مسائل پر رہبر تحقیق جیسی کتاب لکھی۔

(A) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے (B) دعویٰ صحیح ہے لیکن دلیل غلط ہے

(C) دعویٰ غلط ہے لیکن دلیل صحیح ہے (D) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہیں

46. سرسید کے رفقا میں تعزیرات ہند کا انگریزی سے اردو میں ترجمہ کس نے کیا؟

(A) محمد حسین آزاد (B) محسن الملک

(C) چراغ علی (D) ڈپٹی نذیر احمد

47. اردو کے پہلے اخبار 'جام جہاں نما' کے ایڈیٹر کون تھے۔

(A) منشی سدا سکھ (B) راجا رام موہن رائے

(C) مرزا باقر (D) منشی محبوب عالم

48. ذیل کے کس شاعر نے 'دیوان زادہ' کے نام سے اپنی شاعری کا انتخاب مرتب کیا۔

(A) آبرو (B) شاہ حاتم

(C) فائز (D) شاکر ناجی

49. عروض 'تاریخ گوئی' علم بیان اور علم قافیہ سے واقفیت کا تعلق محقق کے کن اوصاف سے ہے؟

(A) اخلاقی اوصاف (B) علمی اوصاف

(C) ذہنی اوصاف (D) ادبی اوصاف

50. قرۃ العین حیدر کا ناول آگ کا دریا پہلی مرتبہ کب شائع ہوا؟

(A) 1959 (B) 1960

(C) 1961 (D) 1962

## Part - B

51. مہاویر جین نے جین مت کی تبلیغ کے لیے کس زبان کو وسیلہ اظہار بنایا؟

(A) گجراتی (B) اودھی

(C) سنسکرت (D) پالی

52. 'سیپارہ دل' کس کے انشائیوں کا مجموعہ ہے۔

(A) پطرس (B) شوکت تھانوی

(C) خواجہ حسن نظامی (D) کنھیالال کپور

53. ہندآریائی کا پہلا تحریری نمونہ ہمیں کس کتاب میں ملتا ہے؟

(A) مہابھارت (B) رامائن

(C) ناٹیہ شاستر (D) رگ وید

54. زبان کا درج ذیل ماڈل کس نے پیش کیا؟

$$\text{نشان} = \frac{\text{معنٰی نما}}{\text{تصور معنٰی}}$$

(A) ارسطو (B) ایلیٹ

(C) دریدا (D) سوسئیر

55. وہ طرز مطالعہ جس میں متن کے متعینہ معنٰی کو بے دخل کیا جاتا ہے؟

(A) ساختیاتی (B) اسلوبیاتی

(C) ردتشکیل (D) ہیئتی

56. کس ادیب نے تنقید کو گیسوئے ادب کی جوؤں کہا تھا؟

(A) ٹینی سن (B) فلابیر

(C) چیخوف (D) ڈرائیڈن

57. ''سنو۔ دلّی کی تمام مال ومتاع وزروگوہر کی لوٹ پنجاب احاطے میں گئی ہے۔ یہ طرز عبارت خاص میری دولت تھی' سوا ایک ظالم' پانی پت' انصاریوں کے محلے کا رہنے والا لوٹ لے گیا۔'' غالبؔ نے ان جملوں میں کس کا ذکر کیا ہے؟

(A) الطاف حسین حالؔی (B) میر مہدی مجروح

(C) میاں دادخاں سیاح (D) ہرگوپال تفتہ

58. مشتاق احمد یوسفی نے کس انشائیے میں ماڈرن آرٹ کو طنز کا ہدف بنایا ہے؟

(A) چارپائی اور کلچر
(B) صنف لاغر
(C) کاغذی ہے پیرہن
(D) جنون لطیفہ

59. 'غبار خاطر' کے کس خط میں مولانا آزاد نے چڑے اور چڑیا کی کہانی بیان کی ہے؟

(A) انیسویں
(B) بیسویں
(C) اکیسویں
(D) بائیسویں

60. صوفی سرمد کا کردار کس ڈرامے میں ملتا ہے؟

(A) انارکلی
(B) خانہ جنگی
(C) ضحاک
(D) پردہ غفلت

61. فرحت اللہ بیگ کے خاکے ڈپٹی نذیر احمد کی کہانی کے بارے میں کون سا بیان درست نہیں ہے؟

(A) یہ اردو کا پہلا مکمل خاکہ ہے
(B) اس میں دلّی کی بامحاورہ زبان ملتی ہے
(C) اس میں فرحت اللہ بیگ نے نذیر احمد کی ہجو کی ہے
(D) اس کے اسلوب میں شوخی اور ظرافت ہے

62. کون سی صنف سخن کسی عہد کے سیاسی، سماجی اور تہذیبی حالات کے مطالعے کے لیے سب سے اہم سمجھی جاتی ہے؟

(A) مرثیہ
(B) رباعی
(C) شہر آشوب
(D) مثنوی

63. مختصر افسانے کی نمایاں اور اہم خصوصیت کیا ہے؟

(A) اختصار
(B) کردار نگاری
(C) حقیقت نگاری
(D) وحدت تاثر

64. ذیل کے کس ناول کا آغاز دلّی میں ہیضے کی وبا کے پھوٹ پڑنے کی روداد سے ہوتا ہے؟

(A) لیلیٰ کے خطوط
(B) بستی
(C) توبتہ النصوح
(D) ایوان غزل

65. ''کتاب اردو ناول آزادی کے بعد'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) انور پاشاہ
(B) احسن فاروقی
(C) خالد اشرف
(D) اسلم آزاد

66. ڈپٹی نذیر احمد کے ناول ابن الوقت میں ابن الوقت کے انگریز دوست کا نام کیا ہے؟

(A) مسٹر جان (B) مسٹر فریزر

(C) مسٹر نوبل (D) مسٹر بٹلر

67. جس ڈرامے میں شدید جذباتیت ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) میلوڈراما (B) ٹریجیڈی

(C) فارس (D) کامیڈی

68. خاکہ نگاری کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟

(A) خاکے کا موضوع عظیم شخصیت ہوتی ہے (B) خاکہ مکمل سوانح حیات ہوتا ہے

(C) خاکے کا موضوع فرد واحد ہوتا ہے (D) خاکے میں موضوع کی خوبیوں کو پیش کیا جاتا ہے

69. ذیل میں کون سا انشائیہ پطرس کا نہیں ہے؟

(A) مرید پور کا پیر (B) میں ایک میاں ہو

(C) سویرے جو کل آنکھ میری کھلی (D) کافی

70. ''اردو میں رپورتاژ نگاری'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) عبدالعزیز (B) قدسیہ قریشی

(C) خالد محمود (D) ہاجرہ زریں

71. ناول امراؤ جان ادا میں مرزا ہادی رسوا نے کیا دکھانے کی کوشش کی ہے؟

(A) طوائف کی زندگی کے نشیب و فراز (B) سلطنت اودھ کی بدنظمی

(C) لکھنو کی نزاکت و نفاست (D) لکھنو کی زوال پذیر معاشرت

72. ''گڈری کا لعل'' کے عنوان سے مولوی عبدالحق نے کس کا خاکہ لکھا؟

(A) نور خاں (B) عزیز مرزا

(C) الطاف حسین حالی (D) نام دیو مالی

73. ذیل میں درست بیان کی نشاندہی کیجیے۔

(A) عابد علی بحر الفصاحت کے مصنف ہیں (B) مراۃ الشعر کے مصنف عبدالرحمٰن ہیں

(C) انتقادیات شمس الرحمٰن فاروقی کی تصنیف ہے (D) کاشف الحقائق نجم الغنی کی تصنیف ہے

74. Orientalism کس کی تصنیف ہے۔

(A) نوم چومسکی
(B) ایڈورڈ سعید
(C) سیمون دی بوار
(D) احب حسین

75. کس مثنوی کی ہیروئین اپنے آپ کو فیروز کا بیٹا فرخ ظاہر کرتی ہے۔

(A) سحرالبیان
(B) زہر عشق
(C) قطب مشتری
(D) گلزار نسیم

76. قصیدے کے لیے کیا ضروری ہے؟

(A) حقیقت نگاری
(B) جذبات نگاری
(C) رفعت تخیل اور شوکت الفاظ
(D) تغزل وترنم

77. پس ساختیات کا اہم مفکر کون ہے؟

(A) گائتری چکرورتی اسپیواک
(B) وکٹر شکلووسکی
(C) دریدا
(D) رومن جیکب سن

78. مثنوی سحرالبیان میں شہزادہ بے نظیر کے والد کا نام کیا ہے؟

(A) مسعود شاہ
(B) ملک شاہ
(C) فیروز شاہ
(D) رضوان شاہ

79. ''نئی نظم اور پورا آدمی'' کس کے تنقیدی مضامین کے مجموعے کا نام ہے؟

(A) وزیر آغا
(B) ریاض احمد
(C) حسن عسکری
(D) سلیم احمد

80. کس ناول میں گُسم دیدی برہا کا گیت 'کون گلی گیو شام' اکثر گاتی ہیں۔

(A) آخر شب کے ہم سفر
(B) آنگن
(C) ایوان غزل
(D) بستی

81. ناول ''ایسی بلندی ایسی پستی'' کے مصنف کون ہیں۔

(A) قاضی عبدالغفار
(B) انتظار حسین
(C) جیلانی بانو
(D) عزیز احمد

82. مدن بان کس داستان کا کردار ہے؟

(A) باغ و بہار (B) فسانۂ عجائب

(C) سب رس (D) رانی کیتکی کی کہانی

83. ''ڈار سے بچھڑے'' کس کا افسانہ ہے؟

(A) سلام بن رزاق (B) سید محمد اشرف

(C) اقبال متین (D) طارق چھتاری

84. فن ترجمہ نگاری کے مصنف کون ہیں؟

(A) خلیق انجم (B) اعجاز راہی

(C) مرزا حامد بیگ (D) عطش درانی

85. منٹو کے کس افسانے کو تکنیک کے اعتبار سے تجریدی افسانے کا نقش اول کہا جاتا ہے۔

(A) دھواں (B) یزید

(C) سڑک کے کنارے (D) سہائے

86. کس افسانہ نگار نے مسلم معاشرے کے متوسط طبقے کی تہذیبی اور گھریلو زندگی کو اپنا موضوع بنایا۔

(A) قرۃ العین حیدر (B) جیلانی بانو

(C) بانو قدسیہ (D) عصمت چغتائی

87. الیاسف کس افسانے کا کردار ہے؟

(A) دُخمہ (B) شکستہ بتوں کے درمیان

(C) اقلیما سے پرے ہو (D) آخری آدمی

88. راشد الخیری کا افسانہ نصیر اور خدیجہ کب شائع ہوا؟

(A) دسمبر 1903 (B) جنوری 1904

(C) اپریل 1904 (D) فبروری 1905

89. ''بازگوئی'' کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

(A) سریندر پرکاش (B) بلراج مینرا

(C) جوگیندر پال (D) دیویندر ستیارتھی

90. مشہور افسانوی مجموعہ ''انگارے'' کب شائع ہوا؟

(A) 1928 (B) 1930

(C) 1931 (D) 1932

91. ذیل کا اقتباس کس افسانے سے ماخوذ ہے!

''کیوں روتا ہے بیٹا۔ کُھس ہو کہ وہ مایا جا سے مکت ہوگئی۔ جنجال سے چھوٹ گئی۔ بڑی بھاگوان تھی جو اتنی جلدی مایا موہ کے بندھن توڑ دیئے''۔

(A) آخری کوشش (B) کفن

(C) اچھوت (D) آخری دعوت

92. درج ذیل دوہے پر کس افسانے کا اختتام ہوتا ہے۔

کا گا سب تن کھائیو چن چن کھائیو ماس
دوئی نیناں مت کھائیو پیا ملن کی آس

(A) نظارہ درمیاں ہے (B) طاوس چمن کی مینا

(C) پیتل کا گھنٹہ (D) نیم پلیٹ

93. فرقہ باطینہ کی سرگرمیوں کے پس منظر میں کون سا ناول لکھا گیا ہے؟

(A) دوگز زمیں (B) بستی

(C) فردوس بریں (D) ایوان غزل

94. پریم چند نے کس ناول میں مہتا اور مالتی کی روحانی محبت دکھائی ہے؟

(A) میدان عمل (B) گئودان

(C) بازار حسن (D) چوگانِ ہستی

95. ذیل کے کس ناول کی کہانی بنگال کی انقلابی تحریک سے شروع ہوتی ہے اور اس میں حصہ لینے والوں کے انجام پر ختم ہوتی ہے۔

(A) خدا کی بستی (B) اداس نسلیں

(C) آخر شب کے ہم سفر (D) انقلاب

96. درج ذیل اشعار اقبال کی کس نظم سے لیے گئے ہیں؟

فریب نظر ہے سکوت و ثبات　　تڑپتا ہے ہر ذرۂ کائنات
ٹھہرتا نہیں کاروانِ وجود　　کہ ہر لحاظ ہے تازہ شانِ وجود
سمجھتا ہے تو راز ہے زندگی　　فقط ذوق پرواز ہے زندگی

(A) ذوق وشوق　　(B) خضرراہ
(C) طلوع اسلام　　(D) ساقی نامہ

97. ''شامِ شہر یاراں'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟
(A) فیض احمد فیض　　(B) مجاؔز
(C) اختر شیرانی　　(D) جذؔبی

98. ڈراما انارکلی کا قصہ کس مقام پر پیش آیا؟
(A) قلعہ لاہور　　(B) لال قلعہ دہلی
(C) قلعہ آگرہ　　(D) فتح پور سیکری

99. سر میں سودا بھی نہیں دل میں تمنا بھی نہیں ؛ لیکن اس ترک محبت کا بھروسا بھی نہیں
(A) ناصر کاظمی　　(B) جگر مرادآبادی
(C) فراق گورکھپوری　　(D) حسرت موہانی

100. ''ڈاسنہ اسٹیشن کا مسافر'' کس کی نظم ہے؟
(A) میراجی　　(B) اختر الایمان
(C) ن۔م۔راشد　　(D) سردار جعفری

☆☆☆